نیسلے پاکستان لمیٹڈ

Nestlé

اڑتیسواں(38) سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ نیسلے پاکستان لمیٹڈ کا اڑتیسواں (38) سالانہ اجلاسِ عام 25 اپریل 2016ء کو 12:30 بجے دن، 304 اپر مال لاہور پر منعقد ہوگا جس میں مندرجہ ذیل امور طے کئے جائیں گے:

عمومی امور:

1) 31 دسمبر 2015ء کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس، ڈائریکٹران اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی، بحث اور منظوری۔

2) آئندہ سالانہ اجلاسِ عام تک آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔ ریٹائیر ہونے والے آڈیٹرز میسرز کے، پی، ایم، جی، تاثیر ہادی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹس نے اہل ہونے کی بناء پر پھر سے تقرری کی درخواست دی ہے۔

3) 15 اپریل 2016 کو کاروبار کے اختتام پر حقدار شیئر ہولڈرز کو 90 روپے فی شیئر (900 فیصد) کے حساب سے حتمی نقد منافع منقسمہ برائے 2015 کی ادائیگی کی منظوری۔ یہ ڈائریکٹران کے تجویز کردہ 100 روپے فی شیئر (1000 فیصد) کے حساب سے 2015 میں ادا شدہ عبوری منافع منقسمہ کے علاوہ ہے۔

خصوصی کاروبار:

4) کمپنی کو اختیار دینا کہ وہ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی منظوری سے سہ ماہی اکاؤنٹس شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ڈاک ارسال کرنے کی بجائے کمپنی کی ویب سائٹ پر لگائیں، اس مقصد کے لئے درج ذیل قرارداد پر بطور عمومی قرارداد منظور کرنا:

قرار پایا کہ تمام ضروری منظوریاں جو کہ ریگولیٹری اتھارٹیز کی جانب سے مقرر کی گئی ہیں، حاصل کرنے کے بعد، کمپنی ازخود اس بات کی مجاز ہے کہ سہ ماہی اکاؤنٹس شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ڈاک ارسال کرنے کی بجائے کمپنی کی ویب سائٹ پر لگائے۔

مزید قرار پایا کہ مذکورہ بالا قرارداد کو مؤثر بنانے کے مقصد کیلئے کمپنی سیکرٹری کو بذریعہ ہذا اس بات کا اختیار دیا جاتا کہ وہ تمام ضروری کاروائیوں، عمل اور اس سے جڑے ذیلی امور جو اوپر دی گئی قرارداد کی روح اور ارادے کے حوالے سے موزوں ہوں، سے متعلق اقدامات کریں۔

دیگر امور

5) چیئرمین کی اجازت سے دوسرے امور پر گفت وشنید۔

حسب الحکم بورڈ آف ڈائریکٹران

علی سدوزئی
کمپنی سیکریٹری

31 مارچ، 2016

کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن (b) (1) 160 کے تحت اصل دستاویزی حقائق نامہ:

اس دستاویز میں متذکرہ سالانہ اجلاس میں مندرجہ بالا خصوصی کاروبار سے متعلق اصل دستاویزی حقائق درج ہیں۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے 2004 کے سرکلر نمبر 19 کے تحت لسٹڈ کمپنیز کو سہ ماہی اکاؤنٹس شیئر ہولڈرز کو ارسال کرنے کے بجائے کمپنی کی ویب سائٹ پر لگانے کی اجازت دیتی ہے، جو کہ شیئر ہولڈرز کی منظوری حاصل کرنے کے بعد قابل عمل ہوگی۔

اس عمل سے شیئر ہولڈرز کو باآسانی بروقت انفارمیشن پہنچ سکے گی اس کے علاوہ چھاپنے اور ارسال کرنے کی لاگت کی بھی بچت ممکن ہو سکے گی۔ باوجود اس کے شیئر ہولڈرز کی درخواست موصول ہونے پر کمپنی سہ ماہی اکاؤنٹس رجسٹرڈ ایڈریس پر ارسال کرے گی۔

نوٹس:

i) کمپنی کی شیئر منتقلی کی کتابیں 18 اپریل 2016ء سے 25 اپریل 2016ء تک بند رہیں گی (بشمول دونوں دن) اور اس دوران شیئرز کی کوئی منتقلی نہیں کی جائے گی۔ ڈیویڈینڈ کی ادائیگی کیلئے درست شیئر ٹرانسفر ڈیڈز 15 اپریل 2016ء تک کمپنی کے شیئرز رجسٹرار سینٹرل ڈپازیٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، ہی ڈی سی ہاؤس B-99 بلاک بی، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 پر کاروباری اوقات کار میں وصول ہو جانی چاہئیں۔

ii) ایسے ممبران جو اجلاس میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں اپنی بجائے کسی اور ممبر کا تقرر کر سکتے ہیں کہ وہ ان کی جگہ اجلاس میں شرکت کرے اور ووٹ ڈالے۔

iii) اپنی جگہ کسی اور ممبر کی اجلاس میں نامزدگی کے لئے فارم ہمارے رجسٹرڈ آفس 308 اپر مال لاہور میں اجلاس کے آغاز سے 48 گھنٹے قبل تک پہنچ جانے چاہئیں۔

iv) ایسے شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز سینٹرل ڈپازیٹری سسٹم کے تحت ان کے اکاؤنٹ یا ذیلی اکاؤنٹ میں رجسٹرڈ ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے اکاؤنٹ نمبر اور اصلی شناختی کارڈ تصدیق کیلئے ساتھ لائیں۔ پراکسی کی صورت میں شرکت کرنے والا اپنا شناختی کارڈ نمبر، اکاؤنٹ/ذیلی اکاؤنٹ نمبر اور اصل مالک کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی ہمراہ لائے گا۔ کارپوریٹ ممبر کا نمائندہ ہونے کی صورت میں وہ عمومی دستاویزات لانا ہوں گی جو ان مقاصد کیلئے ضروری ہوتی ہیں۔

v) ممبران اپنا فولیو نمبر اپنی تمام خط وکتابت اور سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے موقع پر فراہم کریں گے۔

vi) تمام شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے ایڈریس کی تبدیلی کی اطلاع، زکوۃ ڈیکلریشن اور انکم ٹیکس معافی کے لاگو سرٹیفکیٹ فوری طور پر ہمارے شیئرز رجسٹرار تک پہنچادیں۔

vii) مشترکہ شیئر ہولڈرز کے معاملے میں صرف اس رکن کو اجلاسِ عام میں شرکت کی اجازت دی جائے گی جس کا نام نیسلے پاکستان لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کی فہرست میں مرکزی عنوان میں ظاہر ہو رہا ہوگا۔

خصوصی نوٹس برائے شیئر ہولڈرز:

کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقول کی حوالگی (لازمی) :

viii) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے بذریعہ SRO779(1)/2011 مورخہ 18 اگست 2011، SRO 831(1)/2012، 2012، 2014 SRO19(I)/2014 مورخہ 10 جنوری، 2014 میں ضروری قرار دیا ہے کہ تمام ڈیویڈینڈ وارنٹس پر شیئر ہولڈر یا اس کے مجاز شخص کا کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر کا لکھنا ضروری ہے، ماسوائے نابالغ اور کارپوریٹ ممبران کے۔ لہٰذا انفرادی بالغ شیئر ہولڈر یا اس کے مجاز نمائندہ جنھوں نے اپنے تصدیق شدہ شناختی کارڈ کی کاپی ابھی تک کمپنی یا شیئرز رجسٹرار کو مہیا نہیں کی وہ کسی بھی قسم کی تکلیف سے بچنے کے لئے جلد از جلد اپنے تصدیق شدہ شناختی کارڈ کی کاپی کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو مہیا کر دیں۔ کارپوریٹ اداروں سے درخواست ہے کہ وہ اپنا NTN نمبر فراہم کریں۔

ix) ڈیویڈینڈ مینڈیٹ (اختیاری)

کیش ڈیویڈینڈ کی ادائیگی کا طریقہ کار مزید مؤثر بنانے کے لئے ایس ای سی پی (SECP) نے بذریعہ سرکلر نمبر SM/CDC2008 8 (4) مورخہ 5 اپریل، 2013 کے ذریعے ہدایات جاری کی ہیں تاکہ شیئر ہولڈرز کا ڈیویڈینڈ بغیر کسی تاخیر کے براہ راست انکے بینک اکاؤنٹ میں جمع کروایا جاسکے۔ لہٰذا شیئر ہولڈرز مستقبل کے تمام ڈیویڈینڈز انکے متعلقہ بینک اکاؤنٹس میں براہ راست ادائیگی کیلئے کمپنی کو اختیار دے سکتے ہیں۔ اس لئے سی ڈی سی کے علاوہ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کے درج ذیل پتے پر ارسال کر دیں۔ شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز بروکریا سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) کے پاس ہیں انہیں متعلقہ بروکر/سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کو مینڈیٹ فراہم کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

x) ڈیویڈینڈ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی:

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 (''آرڈیننس'') کی شق 150 کے ضوابط کے مطابق کمپنیز کی ادا کردہ ڈیویڈینڈ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے لئے مختلف شرحیں مقرر کی گئی ہیں۔

ودہولڈنگ ٹیکس کی موجودہ شرحیں درج ذیل ہیں:

a) انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کے لئے 12.5 فیصد

b) انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کے لئے 17.5 فیصد

کمپنی کو کیش ڈیویڈینڈ کی رقم پر 17.5 فیصد کی بجائے 12.5 فیصد کی شرح سے ٹیکس کٹوتی کے قابل بنانے کے لئے تمام ایسے شیئر ہولڈرز کو جن کے نام اس حقیقت کے باوجود کہ وہ ٹیکس گوشوارے جمع کراتے ہیں، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں شامل نہیں ہیں، ہدایت کی جاتی ہے کہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ڈیویڈینڈ وارنٹس کے اجراء کی تاریخ سے پہلے ان کے نام ATL میں شامل ہوں، بصورت دیگر ان کے کیش ڈیویڈینڈ پر 17.50 % کے حساب سے ٹیکس کٹوتی کی جائے گی۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ کے حامل کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کو اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) کی تجدید اپنے متعلقہ شرکاء کے ساتھ کرانا ہوگی، جبکہ فزیکل کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کو اپنے نیشنل ٹیکس نمبر کے سرٹیفکیٹ کی نقل بینک کے رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ میسرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس B-99 بلاک بی، مین شاہراہ فیصل کراچی-74400 کو بھیجنا ہوگی۔ شیئر ہولڈرز کو نیشنل ٹیکس نمبر کا سرٹیفکیٹ ارسال کرتے وقت جس طرح کی بھی صورتحال ہو، اپنی کمپنی کا نام اور ان کے متعلقہ فولیو نمبرز کا حوالہ لازماً دینا ہوگا۔

FBR کی وضاحت کے مطابق آرڈیننس کے سیکنڈ شیڈول کے پیرا-IV کی دفعہ 47B کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس میں استثنیٰ کا دعویٰ کرنے کے لئے آرڈیننس کی شق 159 کے تحت ایک کارآمد استثنائی (Valid Exemption) سرٹیفکیٹ پیش کرنا لازم ہے۔ وہ لوگ جو مندرجہ بالا دفعہ میں بیان کردہ درجہ بندی میں آتے ہیں، انہیں لازماً ایک کارآمد استثنائی (Valid Exemption) سرٹیفکیٹ ہمارے شیئرز رجسٹرار کو مہیا کرنا ہوگا، بصورت دیگر ڈیوڈنڈ کی رقم پر آرڈیننس کی شق 150 میں مقرر شدہ شرحوں کے مطابق ٹیکس کی کٹوتی کر لی جائے گی۔

ایسے شیئر ہولڈر کے لئے جو FBR کی جاری کردہ وضاحت کے مطابق مشترکہ شیئرز کے حامل ہوں، ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین پرنسپل شیئر ہولڈر کی گوشوارے جمع کرانے/نہ جمع کرانے کی الگ الگ حیثیت پر اور اس کے ساتھ بطور مشترکہ مالک (مالکان) ان کے شیئر ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ لہٰذا ایسے تمام شیئر ہولڈرز کا جو مشترکہ شیئرز کے حامل ہیں، پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کی طرف سے رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ کی تحویل میں موجود شیئرز کے حوالے سے تحریری طور پر بمطابق ذیل شیئر ہولڈنگ کے تناسب فراہم کرنے ہوں گے:

فولیو سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	مجموعی شیئرز	پرنسپل شیئر ہولڈر		مشترکہ شیئر ہولڈر	
		نام اور شناختی کارڈ نمبر	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)	نام اور شناختی کارڈ نمبر	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)

xi) فنانشل اسٹیٹمنٹس اور میٹنگز کے نوٹس کی ممبران کو بذریعہ ای میل فراہمی:

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے اپنے نوٹیفکیشن SRO787(1)/2014 بتاریخ 08 ستمبر 2014 کمپنیز کو اجازت دی ہے کہ وہ ممبران کو بذریعہ ای میل، فنانشل اسٹیٹمنٹس اور میٹنگز کے نوٹس فراہم کر سکتی ہیں۔ اس سہولت کے حصول کیلئے ممبران اپنی تحریری رضامندی اور اپنا ای میل ایڈریس ہمارے شیئرز رجسٹرار کے پاس نیچے درج ایڈریس پر جمع کروائیں۔

ممبران کسی سوال/دشواری/معلومات کے لئے کمپنی کے رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ سے درج ذیل پتہ، فون/فیکس اور ای میل ایڈریس پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

شیئر رجسٹرار: سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک بی، ایس۔ایم۔سی۔ایچ۔ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400
ٹیلی فون: کسٹمر سپورٹ سروسز (ٹول فری) 0800-CDCPL (23275) فیکس: 34326053 (21-92)
ای میل: info@cdcpak.com ویب سائٹ: www.cdcpakistan.com